## ہماری جدوجہد ملک میں عوامی جمہوری انقلاب کیلئے ہے۔الطاف حسین

## وہ عناصر جو جاگیردارطبقہ کی حکمرانی کا سلسلہ برقراررکھنا چاہتے ہیں وہ ایم کیوایم کا راستہ روکنے کیلئے سازشیں کررہے ہیں

## کچھ عناصرنہیں چاہتے کہ ایم کیوایم ایک ملک گیر جماعت بنکرا بھرے اسی لئے ایم کیوایم کے خلاف سازشیں بھی تیز ہوگئی ہیں

## جسے اصل جمہوریت دیکھنی ہے وہ ایم کیوایم میں آکر دیکھ لے۔ایم کیوایم پنجاب کی نئی آرگنائزنگ کمیٹی سے گفتگو

لاہور۔۔۔20/اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ہماری جدوجہد ملک میں عوامی جمہوری انقلاب کیلئے ہے اوروہ عناصر جوملک میں جاگیردارطبقہ کی نسل درنسل حکمرانی کا سلسلہ برقراررکھنا چاہتے ہیں وہ ایم کیوایم کی پرامن جدوجہد کاراستہ روکنے کیلئے اس کے خلاف سازشیں کررہے ہیں۔انہوں نے یہ بات لاہورمیں ایم کیوایم کے صوبائی دفتر پرایم کیوایم پنجاب کے صوبائی عہدیداروں اورنئی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان سے فون پرگفتگوکرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہاکہ متحدہ قومی موومنٹ اپنے انقلابی پیغام اورجدوجہد کی وجہ سے سندھ سے نکل کرپنجاب،سرحد،بلوچستان اورآزادکشمیرمیں پھیل رہی ہےلیکن کچھ عناصرنہیں چاہتے کہ ایم کیوایم ایک ملک گیرجماعت بنکرابھرے اسی لئے ایم کیوایم کے خلاف سازشیں بھی تیز ہوگئی ہیں۔12 مئی کوکراچی میں ہونے والے واقعہ کا مقصد بھی یہی تھا کہ پنجاب اوردیگرصوبوں میں غریب ومتوسط طبقہ کے لوگ جس تیزی سے ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں اس سلسلے کوروکا جائے اورعوام کوایم کیوایم سے بدول کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ لاہورمیں ہونے والے ایم کیوایم پنجاب کے شاندارورکرزکنونشن میں ہزاروں کی تعدادمیں پنجاب کے کارکنوں نے شرکت کرکے ثابت کردیاہے کہ ایم کیوایم کا پیغام اورمشن ومقصدسچاہےاورتمام ترسازشوں اورزہریلے پروپیگنڈوں کے باوجودپنجاب میں ایم کیوایم کے پرعزم کارکنوں کوتحریک سے دورنہیں کیا جاسکا۔انہوں نے شاندارکنونشن کے انعقادپرایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزرامان اللہ خان،آرگنائزنگ کمیٹی کے تمام ارکان اورپنجاب کے تمام ضلعی عہدیداروں اورکارکنوں کوفرداًفرداًمبارکبادا ورزبردست خراج تحسین پیش کیا۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے عہدیداروں سے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف سازشیں اورزہریلے پروپیگنڈے کوئی نئی بات نہیں،انقلابی تحریکوں میں آزمائشیں اورامتحانات آتے ہیں،پیغام حق پھیلانے والے جس دورمیں بھی آئے ان کے ساتھ وہی ہواجوآج الطاف حسین اورایم کیوایم کے ساتھ ہورہا ہے۔انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ آپ ان حالات سے قطعی مایوس نہ ہوں اورتمام ترکاوٹوں اورسازشوں کے باوجودتحریک کا پیغام پھیلاتے رہیں اوراس بات کوسمجھ لیں کہ حق کی جدوجہدکوئی آسان کام نہیں،یہ پھولوں کی سیج نہیں بلکہ کانٹوں بھراراستہ ہےاوراس میں ہرقدم پرمشکلات درپیش آتی ہیں اورجولوگ ثابت قدمی کے ساتھ چلتے رہتے ہیں اورصبرواستقامت کا مظاہرہ کرتے ہیں وہ منزل پرضرورپہنچتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہماراضمیرمطمئن ہے کہ ہم حق اورسچ کیلئے جدوجہدکررہے ہیں اوریہ ہماری تحریک کے نظریہ کی سچائی ہے کہ الگ الگ زبان،رنگ،نسل اورعلاقے کےلوگ ایک پرچم تلےایک خاندان کی طرح جمع ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جسے خاندان کی طرح کا نظام اوراصل جمہوریت دیکھنی ہے وہ ایم کیوایم میں آکردیکھ لے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزرامان اللہ خان اورپنجاب کے دیگرعہدیداروں اورآرگنائزنگ کمیٹی کےارکان کونئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر زبردست مبارکبادپیش کی اوران کیلئے دعاکرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کوثابت قدم رکھے،ہمیشہ آپس میں اتحادواتفاق برقراررکھے۔انہوں نے ذمہ داروں کوتلقین کرتے ہوئے کہا کہ تحریک میں سب بھائی اورساتھی ہوتے ہیں اورساتھیوں میں کوئی چھوٹا بڑانہیں ہوتا،انکے درمیان آپس میں پیار،محبت اورنظریہ کا رشتہ ہوتا ہےلہٰذا آپ غروروگھمنڈ میں مبتلا نہ ہوں اورانا پرستی سے دوررہیں۔انہوں نے ذمہ داروں سے کہا کہ اب آپ کا فرض ہے کہ آپ ایک نئی توانائی کے ساتھ پنجاب میں تحریک کے پیغام کوپھیلائیے۔اس موقع پرایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزرامان اللہ خان،دیگرعہدیداروں اورآرگنائزنگ کمیٹی کےارکان نے جناب الطاف حسین سے گفتگوکرتے ہوئے انہیں پنجاب کے ورکرزکنونشن کی مبارکبادپیش کی اورکہا کہ اس شاندارورکرزکنونشن نے ہمارے اندرایک نئی روح پھونک دی ہے اوراس تاثرکوختم کردیاہے کہ پنجاب میں ایم کیوایم کا کوئی وجودنہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ لاہوراورپنجاب کے دیگرشہروں سے مختلف شعبہ ءزندگی سے تعلق رکھنے والے وہ افراد جوملک کےفرسودہ نظام میں تبدیلی چاہتے ہیں وہ ایم کیوایم میں شمولیت کیلئے رابطے کررہے ہیں اورتحریک کا پیغام پنجاب کے ہرشہرمیں پھیل رہا ہے۔انہوں نے فرداًفرداً جناب الطاف حسین کویقین دلایا کہ وہ مخالفین کی تمام ترسازشوں،رکاوٹوں اورپروپیگنڈوں کے باوجودپنجاب کے ہرشہراورہرضلع میں تحریک کا پیغام پھیلانے کیلئے ثابت قدمی کے ساتھ جدوجہدکرتے رہیں گے۔

## انٹرنیشنل کرسچن الائنس کے نمائندہ وفدکی عزیز آبادمیں رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔20/اگست 2007ء۔۔۔انٹرنیشنل کرسچن الائنس کے چیئرمین پاسٹرعرفان ڈین کی سربراہی میں مسیحی برادری کے 10 رکنی نمائندہ وفدنے گذشتہ جمعہ ایم کیوایم کے مرکزنائن زیروسے متصل خورشیدبیگم میموریل ہال عزیزآبادمیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اوراشفاق منگی سے ملاقات کی اوراقلیتی برادری کے حقوق کیلئے

ایم کیوایم کی جدوجہد کی تعریف کی۔وفد کے ارکان میں انٹرنیشنل کرسچن الائنس کے وائس چیئر مین رابرٹ،UK کے کوآرڈینیٹر سہیل ڈین،UAE قطر کے کوآرڈی نیٹر گبسن پیٹر کے علاوہ مبشر امجد فاروق، پاسٹر طارق، پاسٹر الیاس شائق، پاسٹر ڈیوڈ خوشی گل، ہیرلڈ الفریڈ اور ولیوین وکٹر شامل ہیں۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی حمید الظفر اور ایم کیوایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔قبل ازیں وفد نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو انٹرنیشنل کرسچن الائنس کے زیراہتمام سہ روزہ روحانی وشفائی عبادت میں شرکت کا دعوت نامہ بھی دیا۔وفد کے ارکان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے نہ صرف پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں اوران کے حقوق کا تحفظ کیا ہے بلکہ اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کو منتخب کرواکر اسمبلیوں میں بھی بھیجا ہے جو کہ ایم کیوایم کی حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کا کھلا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ جہاں جہاں ایم کیوایم کا پیغام پہنچ چکا ہے وہاں اقلیتی برادری کو مکمل تحفظ کا احساس ہے اور جناب الطاف حسین نے جس طرح اقلیتی برادری کیلئے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے وہ قابل ستائش ہے جس پر مذہبی اقلیتیں جناب الطاف حسین کے شکرگزار ہیں۔وسیم آفتاب اور اشفاق منگی نے انٹرنیشنل کرسچن الائنس کے وفد کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم اقلیتی برادری سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام کے جائز حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گی اوران کے حقوق کیلئے ہرسطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔

## صوبہ پنجاب راجن پور کے دریشک قبیلے کے سربراہ حفیظ اللہ خان دریشک، جام پور کھوسو برادری کے سربراہ غلام مرتضیٰ خان کھوسو اور جکھرانی قبائل کے سرکردہ رہنما ڈاکٹر وسیم اختر کی سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔20، اگست 2007ء۔۔۔صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کا فکروفلسفہ تیزی سے فروغ پارہا ہے اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق راجن پور کے دریشک قبیلے کے سربراہ حفیظ اللہ خان دریشک، جام پور کھوسو برادری کے سربراہ غلام مرتضیٰ خان کھوسو اور جکھرانی قبائل کے سرکردہ رہنما ڈاکٹر وسیم اختر نے جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اپنے سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین شعیب بخاری اور اشفاق منگی سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان اور کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں حفیظ اللہ خان دریشک، غلام مرتضیٰ خان کھوسو اور جھکرانی قبائل کے سرکردہ رہنما ڈاکٹر وسیم اختر نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے افراد کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کا شعور دیکر انہیں ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ ملک بھر کے غریب ومظلوم عوام متحد ہوکر فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے چنگل سے نجات حاصل کریں۔انہوں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ وہ اپنے علاقوں میں حق پرستی کے پیغام کے فروغ کیلئے اپنا ہرممکن کردار ادا کریں گے اور حالات کے جبر کا ثابت قدمی سے مقابلہ کریں گے۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے وفد کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کی تمام قومیتوں، برادریوں اور حتیٰ کہ مذہبی اقلیتوں کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور مظلوموں کے اتحاد سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی دیواریں ہل رہی ہیں۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والوں کو مبارکباد بھی پیش کی۔

## پنجاب ورکرز کنونشن کی زبردست کامیابی جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور نظریئے کی فتح ہے، لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔20، اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی نے لاہور کے الحمراء ہال میں ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے ورکرز کنونشن کی زبردست کامیابی کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور نظریئے کی فتح قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن کی کامیابی سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آچکی ہے کہ سچائی کو جبر وتشدد اور منفی پروپیگنڈوں سے روکا نہیں جاسکتا اور ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام پنجاب میں مقبول ہورہا ہے۔لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی نے ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن کی زبردست کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی، پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی اور ایم کیوایم لاہور کے ذمہ داران وکارکنان کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔

☆☆☆☆☆☆